دانتوں کے معائنے کا آغاز چھوٹی عمر سے کریں

بچوں کے دانتوں کی کیفیات ان کی صحت، نفسیاتی نشوونما اور معاشرتی زندگی پر اثرانداز ہوں گی- اس لیے والدین کو بچوں کی منہ سے متعلقہ صحت کی کیفیات کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے-



بچوں کے دانتوں کا پہلا معائنہ

والدین کو چاہیے کہ اپنے بچے کو دانتوں کے پہلے معائنے کے لیے، پہلا دانت نکلنے کے بعد 6 ماہ کے اندر ڈینٹسٹ کے پاس لے کر جائیں- در حقیقت، یہ بچے کا بالکل سادہ معائنہ ہو گا-

بچوں کے لیے خوشگوار تجربہ بہت ضروری ہے

بچوں کو معائنے کا خوف عام طور پر ماحول سے ناواقفیت کے باعث ہوتا ہے- لہٰذا یہ بے حد ضروری ہے کہ والدین اپنے بچوں کو دانتوں کے معائنے پر لانے سے پہلے اس کے متعلق کچھ دلچسپ پہلو اجاگر کریں- ایسا کرنے سے، بچے معائنہ میں دلچسپی لیتے ہیں اور نفسیاتی طور پر معائنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں-

بچوں میں درد کا خوف بھی معائنے سے ڈرنے کی ایک وجہ ہے- اس لیے والدین روزمرہ زنگی میں اپنے بچوں کو دانتوں کی بھرائی یا دانت نکلوانے سے خوف زدہ نہ کریں کیونکہ ایسا کرنے سے وہ دانتوں کے معائنے سے انکار کر دیں گے- ایک خوشگوار تجربہ (خاص طور پر پہلا) بچوں میں دانتوں کا باقاعدہ معائنہ کروانے کی عادت پیدا کرنے اور ڈینٹسٹ پر اعتماد کرنے میں سہولت دے گا-

دانتوں کے باقاعدہ معائنے کے بہت سے فائدے ہیں

ڈینٹسٹ:

1. دانتوں کی نشوونما کی کیفیت کو تفصیل سے ریکارڈ میں رکھے گا (ترجیحاً ہر چھ ماہ کے وقفہ سے)؛
2. والدین کو بچوں کی منہ سے متعلقہ صحت بہتر کرنے کے لیے غذا سے متعلق تجاویز دے گا؛
3. سوراخوں اور دودھ کے دانتوں کی داڑھ میں سوراخ پر مسالہ لگا کر انہیں بند کرے گا تاکہ دانت خراب ہونے کے امکان کو کم کیا جا سکے؛
4. دانتوں سے متعلقہ کسی بھی بیماری کو آغاز میں ہی ڈھونڈھ لے گا اور علاج کر سکے گا-